No. F.8 (25)/2025-Admn-PEC (S)

**OFFICE OF THE**

**PROVINCIAL ELECTION COMMISSIONER (SINDH)**

Pakistan Sectt: Block No.44/A, Shah rah-e-Iraq, Saddar Karachi.

**Karachi, the 26th September 2025,**

To,

The Director General,
Press Information Department,
Government of Pakistan,
**Karachi.**

Subject: - **RE-AUCTION NOTICE FOR POLLING RECORD.**

Dear Sir,

I am directed to send herewith a copy of advertisement regarding the **Re-Auction Notice** for disposal of polling record and waste material which is required to be published in the newspapers including daily Jang and Daily Dawn, Karachi on **29-09-2025 (Monday)**.

2. It is, requested that the Auction Notice may please be got published in the above-mentioned daily newspapers as the date for auction is **14-10-2025 (Tuesday)**, as delay in publishing of advertisement will not serve the purpose.

Yours sincerely,

/

**(Muhammad Mushtaq)**
Assistant Director (Admn)
Sindh

Copy also forwarded to the Deputy Director, Public Procurement Regulatory Authority, Islamabad with the request to kindly upload the said tender notice on the website of PPRA.

2. Copy of Auction Notice forwarded to the Deputy Director (Web) to kindly uploaded the same on the website of ECP.

**(Muhammad Mushtaq)**
Assistant Director (Admn)
Sindh

Scanned with CamScanner

CamScanner

# دفتر صوبائی الیکشن کمشنر، سندھ

پاکستان سیکریٹریٹ، بلاک A-44، شاہراہ عراق، صدر کراچی۔

پولنگ ریکارڈ کو ریسائیکل/پلپ کروانے کے لیے کانٹریکٹر سے تخمینئہ نرخ طلبی کا نوٹس۔

صوبائی الیکشن کمشنر سندھ کی جانب سے درج ذیل کینٹونمنٹ بورڈ سے منسلک بلدیاتی انتخابات 2021، لوکل گورنمنٹ الیکشن 2022، جنرل الیکشن 2018، جنرل الیکشن 2024 کے پولنگ ریکارڈ کو ریسائیکل/پلپ کروانے کے لیے معروف پلپ بنانے والی فرمیں (Firms) جو کہ کلیکٹریٹ آف سیلز ٹیکس اینڈ فیڈرل ایکسائز میں رجسٹرڈ ہوں سے سیل بند تخمینئہ نرخ/ٹینڈر مطلوب ہیں، جن کے منسلک کسی عدالت میں کوئی قانونی کاروائی زیر التوا نہیں۔ ٹینڈر فارم دفتر ہذا سے بعوض **1000** روپے ناقابل واپسی حاصل کئے جاسکتے ہیں۔

یہ ٹینڈر مورخہ 14 اکتوبر 2025 بروز بدھ صبح 11:00 بجے تک وصول کیے جائیں گے اور فرموں کے نمائندوں کی موجودگی میں اسی دن صبح 11:30 بجے کھولے جائیں گے۔

**شرائط:**

۱۔ متعلقہ نیلامی/ٹینڈر میں صرف ایسی فرمیں (Firms) حصہ لیں جو کہ کم از کم 5 سالہ کام کرنے کا تجربہ رکھتی ہوں اور ماضی میں الیکشن کمیشن پاکستان میں کام کرنے کے حوالے سے ناپسندیدہ اور تنازعہ نہ رہی ہوں۔ مزید براں، شفاف شہرت کی حامل ہوں۔

۲۔ مجاز فرم تحریری حلف نامہ داخل کرے گی کہ کاغذ کو ملوں میں صرف پلپ (Pulp) کیلئے استعمال کیا جائیگا اور اس کی بازار میں کسی بھی صورت میں فروخت نہیں کی جائیگی۔

۳۔ مجاز فرم ٹینڈر فارم میں مل کا نام درج کرے گی اور ریٹ کی منظوری مل کے معائنہ کے بعد تصور کی جائیگی۔

۴۔ مجاز فرم ردی کاغذ فی کلوگرام ریٹ (بغیر ٹیکسز) درج کریگی۔ تمام رائج الوقت ٹیکسز کل رقم (سیل پروسیڈز) پر علیحدہ سے سامان اٹھاتے وقت وصول کئے جائیں گے۔

۵۔ دوسری خود کردہ اسٹیشنری آئیٹمز کی فروخت نہیں ہوگی جس میں پولنگ بیگز بشمول اسٹیشنری شامل ہیں۔

۶۔ مجاز فرم اپنے انتظام پر متعلقہ اضلاع سے سامان اٹھائیگی۔

۷۔ مبلغ 3 لاکھ روپے بطور زرضمانت بصورت Call Deposit Receipt (CDR) بحق صوبائی الیکشن کمشنر سندھ، کراچی ٹینڈر کے ساتھ منسلک کرنا ہوگا، جو کہ قابل واپسی ہے۔

۸۔ صوبائی الیکشن کمشنر/مجاز اتھارٹی ٹینڈرز کے ذریعے وصول ہونے والے ریٹس کو مروجہ قوانین کے مطابق منظور یا مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔

۹۔ ریٹس منظور ہونے کی صورت میں مبلغ 10 لاکھ روپے بصورت Call Deposit Receipt (CDR) (زرضمانت) جمع کروانا ہونگے اور 6 مہینے کے اندر تمام ڈویژن/ڈسٹرکٹس سے سامان اٹھانا ہوگا۔

۱۰۔ مقررہ تاریخ اور وقت کے بعد موصول ہونے والے یا نامکمل ٹینڈر قابل قبول نہ ہونگے۔

۱۱۔ مقررہ مدت کے اندر سامان نہ اٹھانے کی صورت میں یا کنٹریکٹ کی دوسری شرائط کی خلاف ورزی کرنیوالی فرموں کی زرضمانت بحق سرکار ضبط یا متعلقہ فرم پر جرمانہ/ضروری قانونی کاروائی عمل میں لائی جاسکتی ہے۔ ہر قسم کے ٹیکس (سیلز/انکم ٹیکس وغیرہ) بذمہ فرم ہوں گے۔

۱۲۔ ٹینڈر نوٹس PPRA کی آفیشل ویب سائٹ سے بھی ڈاؤن لوڈ کرنے کی سہولت موجود ہے۔

۱۳۔ صوبائی الیکشن کمشنر سندھ ٹینڈر کے ذریعے موصول ہونیوالے ریٹس کو پیپرا (PPRA) قوانین کے مطابق قبول/مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔

۱۴۔ وہ کمپنی جو مذکورہ دستاویزات کے علاوہ انتخابی مواد یا اسٹیشنری خریدنے یا چوری کرنے میں ملوث پائی گئی تو اسے بلیک لسٹ کر دیا جائیگا اور متعلقہ REC/DEC فوری طور پر تمام میٹریل اپنے قبضے میں لے لیگا جبکہ اس کمپنی کا نام اور تفصیلات مستقبل کے ریکارڈ کے لیے کمیشن اور PPRA کو ارسال کرنے کا مجاز ہوگا۔

۱۵۔ قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی کرنے والی کمپنی کے خلاف جرمانہ اور قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

۱۶۔ فروخت سے حاصل شدہ رقم DEC/DDO کو نقدی صورت میں جمع کروائی جائے گی، چیک اور پے آرڈر کسی صورت قابل قبول نہیں ہونگے۔

۱۷۔ کمپنی کو اسی صورت میں ویسٹ میٹریل اٹھانے کی اجازت دی جائے گی، جب فروخت کی رقم اور قابل اطلاق ٹیکسز ایف۔ بی۔ آر کے پروفارما پر متعلقہ DEC / DDO کے پاس علیحدہ میں جمع کروائے جائیں۔

۱۸۔ کامیاب بولی دہندہ معاہدے پر عمل درآمد کے 6 ماہ کی مدت کے اندر ٹینڈر میں درج شدہ تمام پولنگ رکارڈ اٹھانے کا مجاز ہوگا، جبکہ دفتر صوبائی الیکشن کمشنر سندھ وجوہات کو رکارڈ پر لاتے ہوئے اور الیکشن کمیشن سیکریٹریٹ کو اطلاع دیکر معاہدے کی مدت میں ایک بار 6 ماہ تک توسیع کر سکتا ہے۔

۱۹۔ اگر بولی دہندہ مقررہ مدت کے اندر رکارڈ نا اٹھا سکا تو دفتر صوبائی الیکشن کمشنر سندھ تمام قانونی تقاضے پورے کرنے کے بعد معاہدہ منسوخ کر دیگا اور جمع شدہ سکیورٹی ڈپازٹ بھی ضبط تصور کی جائیگی۔

**ڈپٹی ڈائریکٹر (ایڈمن) سندھ، کراچی**

**فون: 021-99203383**

CS CamScanner